
# گھریلو اخراجات، مہنگائی اور فلاح و بہبود

کیا پاکستانیوں نے بجلی اور گیس کے بلوں کی ادا ئیگی کے لیے اپنی خوراک کی مقدار کم کر دی ہے؟سال **2005** سے **2025** کے درمیان ، گھریلو اخراجات میں سے خوراک پر خرچ ہونے والا حصہ **43%** سے کم ہو کر **37%** رہ گیا ہے، جبکہ رہائش اور یوٹیلیٹیز (بجلی، گیس وغیرہ) کے اخراجات گھریلو بجٹ پر سب سے بڑا دباؤ بن کر سامنے آئے ہیں، جن کے اخراجات **15%** سے بڑھ کر **25%** تک جا پہنچے ہیں




*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## بگ ڈیٹا کا تجزیہ

گھریلو استعمال، زندگی کے اخراجات اور فلاح و بہبود

**کیا پاکستانیوں نے بجلی اور گیس کے بلوں کی ادائیگی کے لیے اپنی خوراک کی مقدار کم کر دی ہے؟ سال 2005 سے 2025 کے درمیان، گھریلو اخراجات میں سے خوراک پر خرچ ہونے والا حصہ 43% سے کم ہو کر 37% رہ گیا ہے، جبکہ رہائش اور یوٹیلیٹیز (بجلی، گیس وغیرہ) کے اخراجات گھریلو بجٹ پر سب سے بڑا دباؤ بن کر سامنے آئے ہیں، جن کے اخراجات 15% سے بڑھ کر 25% تک جا پہنچے ہیں: گیلپ پاکستان کی تجزیاتی رپورٹ جاری۔**


(اسلام آباد)، 20 جنوری 2026

پاکستان میں گھریلو اخراجات کے 20 سالہ تقابلی جائزے سے یہ سامنے آتا ہے کہ اخراجات خوراک سے ہٹ کر رہائشی زندگی کے اخراجات کی طرف منتقل ہو رہے ہیں۔ اس تبدیلی کے فلاح و بہبود، غذائیت اور پالیسی کے حوالے سے اہم اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔

ہاؤس ہولڈ انٹیگریٹڈ اکنامک سروے (HIES) کے اعداد و شمار سے یہ ظاہر ہوتا ہے، سال 2005 سے 2025 کے درمیان، گھریلو اخراجات میں سے خوراک پر خرچ ہونے والا حصہ 43% سے کم ہو کر 37% رہ گیا ہے۔ اس شرح میں کمی کا ہرگز یہ مطلب نہیں ہے کہ خوراک کم اہم ہو گئی ہے یا زیادہ سستی ہو گئی ہے۔ جب حقیقت میں گھریلو آمدنی کم ہو اور خوراک کی مقدار میں بھی کمی نظر آئے، تو اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ گھرانے بڑھتے ہوئے لازمی اخراجات جیسے کہ بجلی، گیس اور کرایہ پورا کرنے کے لیے اپنے کھانے پینے میں کمی کر رہے ہیں۔ اس رجحان سے خاص طور پر خواتین اور بچوں میں غذائی کمی کے خطرات بڑھ سکتے ہیں۔

اسی عرصے کے دوران، رہائش اور یوٹیلیٹیز (بجلی، گیس وغیرہ) کے اخراجات گھریلو بجٹ پر سب سے بڑا دباؤ بن کر سامنے آئے ہیں، جن پر جن کے اخراجات 15% سے بڑھ کر 25% تک جا پہنچے ہیں، جس کے خرچ میں باقی تمام اخراجات کی نسبت سب سے زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ یہ اخراجات زیادہ تر بجلی اور گیس کے بلوں، کرائے اور سرکاری طور پر مقرر کی گئی قیمتوں کی وجہ سے بڑھ رہے ہیں۔ ان قیمتوں کا تعین اب گھرانوں کے اختیار سے زیادہ، ٹیکسوں، سبسڈی میں کمی اور حکومتی پالیسی فیصلوں کے تحت ہو رہا ہے۔

دیگر اخراجات میں نسبتاً کم تبدیلی آئی ہے۔ ٹرانسپورٹ پر خرچ 5% سے بڑھ کر 7% ہو گیا ہے، جبکہ مواصلات (یعنی فون اور انٹرنیٹ) کے اخراجات 1% سے بڑھ کر 2% تک پہنچ گئے ہیں، جو ایندھن کی قیمتوں اور رابطے کی بڑھتی ہوئی ضرورت کی عکاسی کرتا ہے۔ اس کے برعکس، تعلیم (3%)، صحت (3%) اور تفریح (1%) پر خرچ تقریباً اتنا ہی رہا، اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ بڑھتے ہوئے لازمی اخراجات تعلیم، صحت اور بہتر زندگی پر خرچ کے وسائل کم کر رہے ہیں، یعنی معیارِ زندگی بہتر ہونے کے بجائے محدود ہوتا جا رہا ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, [www.gilanifoundation.com](http://www.gilanifoundation.com))*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا ہے۔ یہ سروے پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس (PBS) کی جانب سے کیے گئے ہاؤس ہولڈ انٹیگریٹڈ اکنامک سروے (HIES) کے اعداد و شمار پر مبنی ہے، جو ستمبر 2024 سے جون 2025 کے دوران گھریلو اخراجات اور استعمال کے رجحانات کو ظاہر کرتا ہے۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 20th January 2026**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan
(1980-2026)